وکست بھارت-سنکلپ یاترا کی رسائی کا دائرہ دور دراز کے علاقوں تک وسیع ہوا اور جامع ترقی کی راہ ہموار ہوئی

صرف پانچ دنوں میں 826 گرام پنچایتوں کے تقریباً 300000سے زائد مندوبین نے شرکت کی

November 20, 2023

عوام تك رسائی اور متعلقہ سرگرمیوں کی بے مثال مظاہرے میں وکست بھارت سنکلپ یاترا نے جو حکومت ہند کا اب تک کا سب سے بڑا اقدام ہے ملك کے دور دراز علاقوں تک پہنچنے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔ اس طرح اس نے مرکزی حکومت کی فلاحی اسکیموں کے بارے میں بیداری پیدا کی ہے اور اہمیت کے حامل پروگراموں کے 100 فی صد مکمل ہونے کا جرأت مندانہ مقصد حاصل کیا ہے۔

اس مہم کا آغاز 15 نومبر 2023 کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعہ جھارکھنڈ کے کھنٹی میں جھنڈی دکھا کر کیا تھا۔ اس مہم کی شروعات مختلف مقامات سے بیک وقت متعدد انفارمیشن ایجوکیشن کمیونیکیشن (آئی ای سی) وینوں سے ہوا۔ یہ آئی ای سی وین شہریوں کو مختلف فلاحی اسکیموں کے بارے میں آگاہ کرنا چاہتی ہیں اور اسکیموں کی 100 فیصد تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے ‘‘جن بھاگیداری’’ کے جذبے کے ساتھ ان کی شرکت حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ یہ یاترا جامع ترقی کے وژن پر مبنی ہے۔ اس میں اس بات کو یقینی بنانے کی مسلسل کوشش کی جا رہی ہے کہ حکومتی اسکیموں کے فوائد پورے ملک میں ہر شہری تک پہنچیں۔

انفارمیشن ایجوکیشن کمیونیکیشن وین لداخ میں زناسکر وادی اور کرگل تک پہنچ رہی ہے۔

وکست بھارت سنکلپ یاترا نے لداخ میں زناسکر وادی اور کرگل تک پہنچ کر مہم کے پیغام کو ملک کے دور افتادہ مقامات تک پہنچایا۔

وکست بھارت سنکلپ یاترا ہماچل پردیش کے کنور قبائلی ضلع میں پہنچی

یہ یاترا کامیابی کے ساتھ ہماچل پردیش کے کنور قبائلی ضلع میں پہنچی اور مقامی لوگوں میں مرکزی حکومت کی مختلف فلاحی اسکیموں کے بارے میں بیداری پیدا کی۔

آئی ای سی وین مغربی جینتیا پہاڑیوں اور مشرقی خاصی پہاڑیوں تک پہنچی۔

مہم کی آئی ای سی وین مغربی جینتیا پہاڑیوں اور مشرقی خاصی پہاڑیوں تک پہنچی اور سرکاری اسکیموں کے بارے میں معلومات پھیلانے اور بیداری پیدا کرنے کے یاترا کے مشن کو آگے بڑھایا۔

توانگ، اروناچل پردیش کے باشندے یاترا میں شامل ہوئے۔

وکست بھارت سنکلپ یاترا کو توانگ، اروناچل پردیش کے باشندوں کی حمایت حاصل ہوئی ہے جنہوں نے ایک ترقی یافتہ ہندوستان کے لیے فعال طور پر اپنی حمایت کا وعدہ کیا ہے۔

اتراکھنڈ میں صحت کیمپوں کی تنظیم

وکست بھارت سنکلپ یاترا پروگرام کے دوران کلسی کے گاؤں اُتپلٹا اور گنگراؤ میں ہیلتھ کیمپس کا انعقاد کیا گیا اور وہاں 109 گاؤں والوں کی ٹی بی اور 89 گاؤں والوں کی اسکیل سیل انیمیا کی اسکریننگ کی گئی۔

بہار میں فلاحی اسکیموں کے بارے میں بیداری پیدا کرنا

اپنے ابتدائی مرحلے میں یہ یاترا بہار کے کیمور ضلع کے اگورا بلاک میں واقع لوہرا گاؤں کے لوگوں کے درمیان پہنچی۔ رہائشیوں کو اجولا یوجنا، پی ایم-کسان، جوار سمیت دیگر اسکیموں کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

اڈیشہ میں لوگوں کو بااختیار بنانا

جاری وکست بھارت سنکلپ یاترا نے مستفدین میں بیداری پیدا کی اور اڈیشہ کے ملکانگیری ضلع کے چترکونڈا بلاک تک فلاحی اسکیموں کے فوائد کا دائرہ وسیع کیا۔

19 نومبر 2023 تک، اس یاترا نے 826 گرام پنچایتوں سے تقریباً 300000 افراد کی شرکت ملاحظہ کی ہے، جس سے بڑی تعداد میں ایسے شہریوں کا ردعمل ظاہر ہوتا ہے جو ملک کی ترقی کے عمل میں شامل ہونے کے مشتاق ہیں۔ مزید برآں، 58400 سے زائد افراد نے صحتی کیمپوں میں شرکت کی جہاں 25000 کے بقدر افراد کی جانچ ٹی بی کے لیے کی گئی اور 15500 سے زائد افراد کی جانچ سکل سیل کے مرض کے لیے کی گئی جس کا تعلق سرخ خون کے خلیوں سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ 1.12 لاکھ سے زائد نے آیوشمان کارڈ فراہم کرائے گئے ہیں جس کے توسط سے سالانہ بنیا دپر فی کنبہ پانچ لاکھ روپئے تک کے بقدر کی لاگت کا مفت معالجہ فراہم کرایا جا رہا ہے۔

وکست بھارت سنکلپ یاترا محض رسائی کی پہل نہیں ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے کہ حکومت کی اسکیموں کے فوائد ہر شہری تک پہنچیں۔ اس طرح 100 فیصد کام مکمل کیا جائے اور ملک کی ترقی میں فعال شہریت کو فروغ دیا جائے۔ 25 جنوری 2024 تک،

یاترا کا مقصد ملک بھر میں 2.50 لاکھ گرام پنچایتوں اور 5000 سے زیادہ شہری مقامی اداروں کا احاطہ کرنا ہے۔